## سوال

(527)اجتماعی صورت میں قرآن مجید پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں کہ ایک شخص نے چند افراد کو دعوت دی، انہوں نے حسب توفیق قرآن مجید پڑھا، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور دیگر مسلمانوں کے لیے دعا کی۔ پھر اس نے انہیں کھانا کھانے کو کہا جو پہلے سے تیار کیا گیا تھا، کھانا کھا کر وہ لوگ چلے گئے۔

اسی سوال میں یہ بھی ہے کہ دعوت دینے والے نے آنے والوں کو قرآن مجید کے الگ الگ پارے دے دیئے۔ ہر شخص نے وہ پارہ پڑھا جو اس کے پاس تھا۔ سب کے فارغ ہونے پر ان میں سے ایک نے اپنے لیے اور مسلمانوں کے لیے دعائے خیر کی اور یہ سمجھ لیا کہ ان سب نے مل کر برکت کے لیے مکمل قرآن مجید ایک بار پڑھ لیا ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1۔ قرآن مجید کی اجتماعی تلاوت ومطالعہ کا یہ طریقہ تو صحیح ہے کہ ایک آدمی پڑھتا ہے اور دوسرے سنتے ہیں۔ پھر اس پر غور فکر کر کے اسے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ثواب کا کام ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور اس پر بہت اجر ملتا ہے صحیح مسلم اور سنن ابی داوٗد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

((مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللهِ يَتْلُونَ كِتَابَ اللهِ وَيَتَدَارَسُونَهُ بَيْنَهُمْ إِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ))

''جب بھی کچھ لوگ اللہ کے کسی گھر میں جمع ہو کر اللہ کی کتاب پڑھتے پڑھاتے ہیں تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے اور انہیں فرشتے گھیر لیتے ہیں اور اللہ ان (فرشتوں) میں ان کا ذکر کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔''

قرآن مجید کی تکمیل ہونے پر دعا کرنا بھی جائز ہے لیکن اسے ایک مستقل (لازمی) عمل نہیں بنا لینا چاہیے۔ نہ کسی خاص لفظ کی اس طرح پابندی کی جائے گویا کہ یہ بھی کوئی سنت ہے۔ کیونکہ یہ عمل نبی ﷺ سے ثابت نہیں ہے۔ البتہ بعض صحابہ نے ایسا کیا ہے۔ تلاوت کے موقع پر موجود لوگوں کو کھانا کھلانے میں بھی کوئی حرج نہیں بشرطیکہ اسے مستقل رواج نہ بنا لیا جائے۔

۲۔ حاضرین میں قرآن مجید کے اجزاء تقسیم کرنا، تاکہ ہر کوئی اپنے حصے ک قرآن پڑھے، ظاہر ہے کہ اسے ہر ایک آدمی کی طرف مکمل قرآن کی تلاوت قرار نہیں دیا جا سکتا اور پڑھتے ہوئے محض حصول برکت کی نیت رکھنا کوتاہی ہے کیونکہ تلاوت کا مقصد اللہ تعالیٰ کے قرب حصول بھیہ ہے۔ قرآن کو یاد کرنا اس پر غور کرنا، اس کے احکام کی سمجھ حاصل کرنا اس سے

عبرت حاصل کرنا، اجروثواب کا حصول، زبان کوتلاوت کا عادی بنانا اوراس قسم کے اور بہت سے فوائد کا حصول بھی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ